22 نومبر 2023

ٹوؤِنگ اور اسٹوریج انڈسٹری میں اونٹاریو کی جانب سے صوبائی سطح پر نئی تبدیلیاں عمل میں لائی جا رہی ہیں

برامپٹن، آن – 1 جنوری 2024 کے بعد، سٹی آف برامپٹن اب برامپٹن میں ٹوؤنگ اور اسٹوریج انڈسٹری کی مزید نگرانی نہیں کرے گا.اس کے بعد منسٹری آف ٹرانسپورٹیشن (MTO) یہ کام سنبھالے گی اور صوبہ بھر میں منسٹری آف ٹرانسپورٹیشن (MTO) کے نئے ٹوؤنگ اینڈ سٹوریج سیفٹی انفورسمنٹ ایکٹ (TSSEA) کو نافذ کرے گی۔

TSSEA نے سابقہ میونسپل نگرانی کی جگہ ٹوؤنگ اور گاڑیوں کو اسٹوریج کرنے کے شعبے کے لیے صوبائی سطح کا ایک متبادل فریم ورک بنایا ہے۔

نفاذ 1 جنوری 2024 سے

- آپریٹرز اور ٹوہ ٹرک ڈرائیوز کو صرف صوبائی سطح کے ضوابط کی تعمیل کرنی ہو گی۔
- جنوری اور مارچ 2024 کے درمیان، ٹوہ ٹرک اور سٹوریج کی خلاف ورزیوں سے متعلق شکایات towing@ontario.ca پر ای میل بھیج کر صوبہ اونٹاریو کے پاس جمع کروائی جانی چاہیں۔

کیا تبدیل ہو رہا ہے

1 جنوری 2024 سے: نئی صوبائی TSSEA کی شرائط بشمول صارف کے تحفظ اور انڈسٹری کو پیشہ ورانہ خطوط پر استوار کرنے کے لیے عمل درآمد کے معیارات.ٹوہ آپریٹرز اور گاڑیوں کو اسٹور کرنے والے آپریٹرز کے پاسTSSEA کے نفاذ کے آغاز پر کام کرنے کے لیے صوبائی سرٹیفکیٹ موجود ہونا ضروری ہے۔

1 جولائی 2024 سے: ٹوہ ٹرک ڈرائیوروں کے پاس ٹوہ ٹرک چلانے کے لیے صوبائی سرٹیفکیٹ موجود ہونا ضروری ہے۔
TSSEA کی شرائط کے مطابق ٹوہ آپریٹرز، ٹو ٹرک ڈرائیوروں اور گاڑیوں کو اسٹور کرنے والے آپریٹرز کو کام کرنے کے لیے صوبائی سرٹیفکیٹ کی ضرورت ہو گی۔

انڈسٹڑی کی رجسٹریشن کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے، تمام اقسام کے سرٹیفکیٹس کے لیے 1 جولائی 2024 تک کوئی فیس نہیں لی جائے گی.ایسے ٹوہ ڈرائیورز جو جلدی اپلائی کرتے ہیں ان کے پاس مطلوبہ تربیت مکمل کرنے کے لیے اضافی تین سال موجود سال ہوں گے (سرٹیفکیٹ کی تجدید کروانے کے لیے ٹریننگ مکمل کرنا لازمی ہو گا، جو سرٹیفیکیشن کے تین سال بعد درکار ہو گا)۔

جولائی 2024 کے بعد، سرٹیفکیٹ کی درج ذیل فیسیں لاگو ہوں گی:

- ٹوہ آپریٹر سرٹیفکیٹ کے لیے 575$ سالانہ
- ٹوہ ٹرک ڈرائیور سرٹیفکیٹ کے لیے ہر تین سال بعد 195$ اور
- گاڑیوں کے اسٹوریج آپریٹر سرٹیفکیٹ کے لیے 575$ سالانہ

مارچ میں صوبہ شکایت کے تازہ ترین طریقہ کار کے بارے میں مزید تفصیلات فراہم کرے گا. مزید معلومات کے لیے ملاحظہ: www.ontario.ca

-30-

میڈیا کنٹیکٹ
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca